7877 ـ ولی کے بغیر نکاح کرلیا اب خاوند تجدید نکاح سے انکار کرتا ہے

سوال

میں نے اسلام قبول کرنے کے دو ماہ بعد ایک مسلمان شخص سے شادی کرلی ، لیکن مجھے نکاح کی شروط کا علم نہیں تھا ، میں نے عدالت میں نکاح کیا اورمیرا کوئي ولی نہیں تھا ، توکیا یہ عقدنکاح صحیح ہے ، میرا خاوند تجدید نکاح نہیں کروانا چاہتا اب مجھے کیا کرنا چاہیے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

الحمدللہ

خاوند کوتجدید نکاح پرآمادہ کرنا ضروری ہے کہ ولی کی طرف سے نکاح کی اجازت ہو اورخاوند اسے قبول کرے ۔

آپ اپنے خاوند سے اجتناب کرنا برداشت کریں اوراس سے علیحدہ ہوجائیں جب تک کہ وہ تجدید نکاح نہیں کرتا ۔

اللہ تعالی صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ، آپ مزید تفصیل کے لیے سوال نمبر (2127) اور (6122) کے جوابات کا بھی مطالعہ کریں ۔

واللہ اعلم .